# ماڈل پرچہ اُردو– 2nd year

## حصہ الف

سوال نمبر 1 **درست جواب کا انتخاب کریں۔** 20

1. "میں نے کتاب پڑھ لی ہے۔" میں امدادی فعل ہے۔

A میں B کتاب C پڑھنا D لینا

2. وہ اکثر کالج سے غیر حاضر رہتا ہے۔ "اکثر" قواعد کی رو سے ہے۔

A امدادی فعل B متعلق فعل C ناقص فعل D اصل فعل

3. کیا عمدہ جانور ہے۔ "مجاز مرسل کی صورت ہے۔

A عام بول کر خاص مراد لینا B خاص بول کر عام مراد لینا C ظرف بول کر مظروف مراد لینا D مظروف بول کر ظرف مراد لینا

4. وہ چیز جسے کسی دوسری چیز سے تشبیہ دی جائے کہلاتا ہے۔

A مشبہ B حروف تشبیہ C مشبہ بہ D وجہ تشبیہ

5. عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے
یہ شعر مثال ہے۔

A صنعت تلمیح B صنعت لف ونشر C مراعات نظیر D صنعت تضاد

6. جب کربلا میں داخلہ شاہ دیں ہوا
دشت بلا نمونہ خلدِ بریں ہوا
شعر مثال ہے۔

A ایہام B حسن تعلیل C لف ونشر D تجنیس

7. پلکوں سے گر نہ جائیں یہ موتی سنبھال لو
دنیا کے پاس دیکھنے والی نظر کہاں
درج بالا شعر مثال ہے۔

A تشبیہ B استعارہ C مجاز مرسل D کنایہ

8. "اتنا بڑا عالم-----اس قدر سنگ دل" مرکب جملہ مکمل کرنے کے لیے مناسب لفظ ہے۔

A و B اور C مگر D لیکن

9. مجھے اُس کی بات کا یقین ہے------وہ سچا ہے۔ مرکب جملہ مکمل کرنے کے لیے مناسب لفظ ہے

A کیوں کہ B اس لیے C اس واسطے D لہذا

10. "سفید پوش" قواعد کی رو سے ہے۔

A کنایہ B مجاز مرسل C استعارہ C تشبیہ

11. یہیں پھرتے ہیں شریف آدمیوں کی صورت

دشت میں خاک اُڑائی نہیں، وحشت نہیں کی

درج بالا شعر مثال ہے۔

A صنعت تضاد B صنعت مراعات النظیر C صنعت تفریق D صنعت لف ونشر

.12 تلمیح کے لغوی معنی ہے۔

A التجا کرنا B ادھار لینا C اشارہ کرنا D تعریف کرنا

.13 مرثیہ کے اصطلاحی معنی ہے۔

A محبت کا اظہار کرنا B ہمدردی کا اظہار کرنا C اپنی رائے کا اظہار کرنا D موت پر غم کا اظہار کرنا

.14 "بونگا" الفاظ کی کون سی قسم ہے؟

A سلینگ B اہل زبان کی بول چال C اشتقاق D روزمرہ

.15 ایسی نظم جس میں مصرعے برابر ہوں اور وزن و قافیہ بھی ہو، کہلاتی ہے۔

A نثری B آذاد C معری D پابند

.16 شہر آشوب میں بیان ہوتا ہے۔

A شہر کی معیشت کا B شہر کی معاشرت کا C شہر کی بربادی کا D شہر کی خوشحالی کا

.17 درج ذیل میں درست روزمرہ ہے۔

A **امجد نے آنکھیں بدلیں** B **امجد نے آنکھیں چرائیں** C **امجد نے روٹی کھائی** D **امجد نے قسم کھائی**

.18 کسی شخص کی ولادت سے لے کر وفات تک کے تمام واقعات و کارناموں کو ترتیب وار تفصیل سے بیان کرنا----- کہلاتا ہے۔

A سوانح نگاری B مضمون C انشائیہ D افسانہ

.19 جس نظم کے ہر بند میں چھ مصرعے ہو کہلاتا ہے۔

A مثلث B مسدس C مربع D مخمس

.20 کسی ادبی فن پارے کے محاسن اور معائب کا جائزہ لینا----- کہلاتا ہے۔

A ڈراما B تنقید C انشائیہ D افسانہ

## حصہ (ب)

نمبر:50

سوال نمبر2 (الف): اقتباس کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (25=5x5)

لڑائی سے فراغت کے بعد سقراط نے اپنی پہلی وضع تبدیل کر دی۔ کھانے کپڑے میں سادگی برتی۔ فلسفیانہ تحریریں شائع کیں۔ ہم وطنوں کو پابندی مذہب کی تاکید کی۔ رفتہ رفتہ حکیموں کی ایک کثیر جماعت اس کے خیالات سے فائدہ اٹھانے لگی۔ پڑھنے پڑھانے کا سلسلہ جاری ہوا۔ مختلف باغوں اور دریا کے کنارے پر یہ اپنے شاگردوں کو حکمت و فلسفہ کے نازک مسئلے سمجھایا کرتا۔ یہ طبیعت کا بہت آزاد تھا اور انتہا درجہ کا خوش تقریر بھی۔ اس کی فلسفیانہ نکتہ سنجیاں آخر میں اس کے ہم وطنوں کے لیے رشک و حسد کا باعث ہوئیں۔ ایک شاعر نے اس کی کچھ لکھی، جس کا منشا یہ تھا کہ سقراط نوجوانان ایتھنس کے اخلاق کو خراب کرتا ہے اور لڑکوں کو سکھلاتا ہے کہ اپنے والدین کی اطاعت سے انحراف کریں۔ عدالت نے اسی بنا پر سقراط کو مجرم ٹھہرایا۔

1۔ لڑائی کے بعد سقراط کیا کرتے تھے؟

2۔ سقراط اپنے شاگردوں کو کہاں اور کس طرح کی تعلیم دیتے تھے؟

3۔ ہم وطنوں کا سقراط کے ساتھ رویہ کیسا تھا اور انہوں نے سقراط کے ساتھ کیا کیا؟

4۔ سقراط پر کون کون سے الزمات لگے تھے؟

5۔ درج بالا اقتباس کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں۔

سوال نمبر2 (ب): درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیئے گئے سوالات میں سے تین کے جوابات تحریر کریں۔ (15=5x3)

وہ روح میں انوارِ خدا، صبح وہ صادق　　وہ حسن جسے دیکھ کے ہر آنکھ ہو عاشق
وہ سادگی انسان کی فطرت کے مطابق　　زریں وہ اُفق، نور سے لبریز وہ مشرق
وہ نغمہ، داؤدؑ پرندوں کی صدا میں
پیراہن یوسفؑ کی وہ تاثیر ہوا میں

1۔ صبح صادق کا منظر اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

2۔ انوارِ خدا کا مفہوم بیان کریں۔

3۔ درج بالا اشعار کے مطابق داؤدؑ اور یوسفؑ کی صفات لکھیں۔

4۔ درج بالا اشعار کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

سوال نمبر2 (ج) درج ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (10=5x2)

1۔ متعلق فعل کی تعریف لکھیں اور تین مثالیں بھی دیں۔　　یا　　امدادی فعل کی کوئی سی پانچ مثالیں لکھیں۔

2۔ تشبیہ کی تعریف کریں اور دو مثالیں دیں۔　　یا　　صنعت تضاد کی تعریف کریں اور دو مثالیں بھی دیں۔

## حصہ (ج)

**سوال نمبر3: سیاق وسباق اور متن کے حوالے سے کسی ایک اقتباس کی تشریح کریں۔** **(2+4+4=10)**

**الف۔** تقدیر ان کو ٹھوکریں کھلواتی ہے جو تاجوروں کو ٹھوکریں مارتے تھے۔ قسمت نے ان کو بے بس جو بیسوں کے کام آتے تھے۔ ہم چنگیز کی نسل ہیں جس کی تلوار سے زمین کانپتی تھی۔ ہم تیمور کی اولاد ہیں جو ملکوں کا اور شہریاروں کا شاہ تھا۔ ہم شاہجہاں کے گھر والے ہیں، جس نے ایک قبر پر جواہر نگار بہار دکھادی اور دنیا میں بے نظیر مسجد دہلی کے اندر بنادی۔ ہم ہندوستان کے شہنشاہ کے کنبے میں ہیں۔ ہم عزت والے تھے زمین میں ہمیں کیوں ٹھکانا نہیں ملتا۔ وہ کیوں سرکشی کرتی ہے۔ آج ہم پر مصیبت ہے، آج ہم پر آسمان روتا ہے

**ب۔** اقبال نے جب ہمیں پاکستان کا تصور دیا تو یہ بلاشبہ اس کے آفاق گیر تصور ملت سے کوئی نسبت نہیں رکھتا تھا، لیکن اس کی رجعت ایک حقیقت پرستانہ رجعت تھی۔ ملتِ اسلامیہ ہند کو اپنے تحفظ اور اپنے فروغ کے تقاضے پورے کرنے کے لیے کسی بحرِ بے پایاں یا کسی آسمانِ بے کراں کی ضرورت نہیں تھی، بلکہ ایک ایسے خطہ ءزمین کی حاجت تھی، جس میں سما کر یا سمٹ کر، پھیل کر یا بٹ کر اُسے ایک آزاد اسلامی زندگی بسر کرنی تھی۔

**سوال نمبر4: درج ذیل میں کسی ایک جزو کی تشریح کریں۔** **(2+4+4=10)**

**الف۔ نظم اور شاعر کا حوالہ دے کر تشریح کریں۔**

**یہ کہتا ہے نئے راستے دکھاؤں میں سواروں کو — یہ کہتا ہے کہ لے آؤں فلک سے ماہ پاروں کو**
**یہ کہتا ہے کہ صحراؤں کی دوری طے کروں پل میں — حقیقت میں، یہ احساسِ شعوری طے کروں پل میں**

**ب۔ شاعر کا حوالہ دے کر تشریح کریں۔**

**اب تیرے شہر میں آؤں گا مسافر کی طرح — سایہ ابر کی مانند میں گزر جاؤں گا**
**تیرا پیمانِ وفا راہ کی دیوار بنا — ورنہ سوچا تھا کہ جب چاہوں گا مر جاؤں گا**

**سوال نمبر5: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں۔** **(10)**

**الف۔** تعلیم کے ساتھ ساتھ اعلی تربیت - وقت کا تقاضا

**ب۔** ڈینگی بخار - ایک عفریت